میٹنگ کا نوٹس
شہر کی سطح پر عوامی معلوماتی سیشن

اوقات اور مقامات:

بروز منگل، 30 جون 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
CUNY Medgar Evers College
1650 Bedford Avenue
Brooklyn, NY 11225

بروز بدھ، 1 جولائی 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
CUNY Lehman College
250 Bedford Park Boulevard West
Bronx, NY 10468

بروز پیر، 6 جولائی، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
Snug Harbor Cultural Center, Great Hall
1000 Richmond Terrace
Staten Island, NY 10301

بروز بدھ، 8 جولائی 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
Riverside Church
490 Riverside Drive
New York, NY 10027

بروز پیر، 13 جولائی، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
Queens Borough Hall, Helen Marshall Cultural Center
120-55 Queens Boulevard
Kew Gardens, NY 11424

ورچوئل لوکیشن: زووم میٹنگ کا لنک www.nyc.gov/COGE ویب سائٹ پر ملاحظہ کریں

عوامی معلوماتی سیشن کا نوٹس

نیو یارک سٹی کمیشن آن گورنمنٹ ایفیشنسی ("COGE") کی طرف سے نیویارک سٹی کے چارٹر میں مجوزہ تبدیلیوں پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے پانچوں حلقوں میں عوامی معلوماتی سیشن کا انعقاد کیا جائے گا۔ COGE کو یہ اختیار دیا گیا ہے کہ وہ 3 نومبر 2026 کے عام انتخابات، یا قانون کے مطابق کسی دیگر طے شدہ انتخابی تاریخ میں ووٹرز کے سامنے پیش کرنے کے لیے چارٹر میں کی جانے والی تبدیلیوں کو زیر غور لائے۔

یہ عوامی معلوماتی سیشن کس سلسلے میں ہیں؟

چارٹر سے شہری حکومت کا ڈھانچہ فراہم ہوتاہے اور شہر کے منتخب اہلکاروں اور ایجنسیوں کے کلیدی اختیارات طے ہوتے ہیں۔ پورے چارٹر کا جائزہ لینے کے بعد، COGE تبدیلیوں کی سفارش کر سکتا ہے جن کا مقصد شہری حکومت کو زیادہ موثر طریقے سے کام کرنے اور نیو یارک کے تمام باشندوں کی بہتر خدمت کرنے میں مدد کرنا ہے۔

عوام کو ماہرین کی آراء سننے، شہری حکومت کے لیے اہمیت کے حامل کسی بھی امر کے سلسلے میں گواہی دینے اور چارٹر میں تبدیلیاں تجویز کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ آپ کو ہماری ویب سائٹ پر نیو یارک سٹی کمیشن آن گورنمینٹ ایفیشنسی کے بارے میں مزید معلومات مل سکتی ہیں: www.nyc.gov/COGE

کون لوگ رائے دے سکتے ہیں؟

یہ میٹنگیں عوام کی شرکت کے لیے ہوتی ہیں، اور ان میں عوام کو COGE کے اراکین کے سامنے اپنی رائے دینے کا موقع ملے گا۔ عوام میں سے کوئی بھی فرد سٹی چارٹر کو بہتر بنانے کے لیے تین (3) منٹ تک اپنے خیالات پیش کر سکتا ہے۔ COGE ذاتی طور پر میٹنگ میں شرکت کرنے والے اور زووم میٹنگ کے ذریعے شرکت کرنے والے لوگوں کے خیالات سنے گا۔ COGE زووم کے ذریعے شرکت کرنے والے لوگوں کی رائے سننے سے پہلے شخصی طور پر شرکت کرنے والے لوگوں کے خیالات کو سنے گا۔ اپنے خیالات پیش کرنے کے خواہاں گروپ، تنظیم یا ادارہ اپنے ایک نامزد نمائندے کا انتخاب کرے گا۔ پانچوں حلقوں میں سے کسی بھی حلقہ کے نیو یارک کے باشندے اپنے خیالات دے سکتے ہیں۔ COGE اس سماعتی اجلاس میں اپنی بات بولنے کے لیے سائن اپ کرنے والے ہر فرد کو موقع دینے کی کوشش کرے گا، لیکن اگر وقت تمام لوگوں کے خیالات سننے کی اجازت نہ دے، تو عوام کو گواہی دینے کے دیگر مواقع سے استفادہ کرنے کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، بشمول بعد میں ہونے والی COGE کے عوامی معلوماتی سیشن میں خیالات پیش کرکے یا تحریری شکل میں https://tinyurl.com/COGE2026comments پر اپنے خیالات ارسال کرکے۔

میں تحریری شکل میں اپنے خیالات کیسے پیش کروں؟

عوام کسی سماعتی اجلاس میں براہ راست معلومات پیش کرنے کے بجائے یا اس میں اپنے خیالات پیش کرنے کے علاوہ CharterTestimony@citycharter.nyc.gov پر تحریری شکل میں خیالات جمع کرا سکتے ہیں۔

سماعت کے اجلاس کب اور کہاں منعقد ہوتے ہیں؟

مندرجہ ذیل تاریخوں، اوقات اور مقامات پر ہونے والے اجلاسوں میں عوام کی شرکت کے لیے دروازے کھلے ہیں، اور ہر معلوماتی سیشن تک www.nyc.gov/COGE پر پوسٹ کیے گئے زووم کے لنک کے ذریعے ورچوئل رسائی حاصل کی جا سکتی ہے:

بروز منگل، 30 جون 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
CUNY Medgar Evers College
1650 Bedford Avenue
Brooklyn, NY 11225

بروز بدھ، 1 جولائی 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
CUNY Lehman College
250 Bedford Park Boulevard West
Bronx, NY 10468

بروز پیر، 6 جولائی، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
Snug Harbor Cultural Center, Great Hall
1000 Richmond Terrace
Staten Island, NY 10301

بروز بدھ، 8 جولائی 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
Riverside Church
490 Riverside Drive
New York, NY 10027

بروز پیر، 13 جولائی، 2026، بوقت 5:00 شام – 8:00 شام
Queens Borough Hall, Helen Marshall Cultural Center
120-55 Queens Boulevard
Kew Gardens, NY 11424

عوام www.nyc.gov/COGE پر پوسٹ کردہ زووم لنک کے ذریعہ میٹنگ میں بیک وقت شامل ہو سکتے ہیں۔

اگر مجھے میٹنگ کا مشاہدہ کرنے یا اپنے خیالات پیش کرنے کے لیے مدد درکار ہو تو کیا کرنا ہوگا؟

امریکی اشارے کی زبان (ASL) اور ہسپانوی مترجم آن لائن اور میٹنگ کے مقام پر دستیاب ہوں گے۔ براہ کرم CharterInfo@citycharter.nyc.gov پر ای میل بھیج کر یا 212-788-0014 پر کال کرکے اور وائس پیغام دے کر زبان کی ترجمانی اور/یا رسائی کی دیگر درخواستیں اس میٹنگ کے آغاز کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کریں جس میں آپ شرکت کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ تمام درخواستوں کو ممکنہ حد تک احاطہ کیا جائے گا۔